# Prime Minister speaks with His Excellency President Volodymyr Zelenskyy of Ukraine

March 07, 2022

# وزیراعظم نے روسی فیڈریشن کے صدر عزت مآب ولادیمیر پوتن سے بات کی

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج روسی فیڈریشن کے صدر عزت مآب ولادیمیر پوتن کے ساتھ فون پر بات کی۔

دونوں رہنماوں نے یوکرین کی پیداہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ صدر پوتن نےیوکرین اور روس کی ٹیموں کے درمیان بات چیت کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم مودی نے روس اور یوکرین کے درمیان جاری مذاکرات کا خیرمقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ اس سے تنازعہ کا خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ صدر پوتن اور صدر زیلنسکی کے درمیان براہ راست بات چیت امن کے لئے جاری کوششوں کے لئے بہت مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

وزیراعظم جناب مودی نے سومی میں باقی بھارتی طلبا کی حفاظت کے لئے گہری تشویش ظاہر کی ۔ صدر پوتن نے وزیراعظم کو بھارتی طلبا سمیت شہریوں کے انخلا کی سہولت کے لئے انسانی ہمدردی کے تحت راہداری سے متعلق اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔

نئی دہلی

مارچ 2022 07

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.